© rasailojaraid.com

# قارئین کے خطوط

☆ جناب حافظ سجاد تترالوی چکوال سے لکھتے ہیں:

سہ ماہی المیزان کا نیا شمارہ موصول ہوا۔ آپ المیزان کے لیے جس قدر محنت کر رہے ہیں اور اس کو جس علمی معیار پر لے آرہے ہیں موجودہ شمارہ سے اس کی عکاسی ہوتی ہے۔ اس دفعہ ترتیب و تدوین کا کام بھی بڑی عمدگی سے ہوا ہے اور قرآنی آیات پر اعراب کا کام بھی کیا گیا۔ تمام مقالات اعلیٰ تحقیقی معیار پیش کرتے ہیں اور معلومات افزا ہیں۔ خصوصاً مجلس تفسیر قرآن کا مرتب کردہ مقالہ ''تفسیر و تاویل قرآن''، شیخ محسن علی نجفی کا مقالہ ''عصر رسولؐ میں تدوین قرآن'' اور ڈاکٹر صدیقی کا مقالہ ''تفسیر معارف قرآن'' سے معلومات میں اضافہ ہوا۔ کتابت و کمپوزنگ کی چند غلطیاں در آئی ہیں۔ امید ہے آئندہ اشاعت میں اس پر بھی توجہ دیں گے۔

☆ جناب ظفر الاسلام اصلاحی سیکرٹری ادارہ علوم قرآنؑ علی گڑھ ہندوستان سے لکھتے ہیں:

ششماہی علوم القرآن کے بعد اردو میں یہ دوسرا مجلّہ ہے جو قرآنیات کے ساتھ مختص ہے، اس لحاظ سے یہ قابل قدر ہے اور آپ حضرات کی کوشش لائق ستائش ہے۔ خدا کرے اس کا معیار نہ صرف باقی رہے بلکہ مزید بلند و بہتر ہو جائے۔ مجلّہ کے نام سے اس کا اختصاص ظاہر ہوتا تو یہ اور زیادہ قابل قدر و جاذب نظر ہوتا۔

☆ پروفیسر ظفر علی قریشی لاہور سے رقم طراز ہیں:

المیزان تو ماشاء اللہ اعلیٰ پایہ کا تحقیقی و علمی مجلّہ ہے آپ کا ادارہ اس کے اجراء پر لائق مبارک باد ہے۔

☆ عبدالستار غوری لاہور سے لکھتے ہیں:

ظاہری خوبصورتی اور معنوی مواد کی رفعت کا حسین امتزاج ''المیزان'' ملا۔ شیخ محسن علی



© rasailojaraid.com